نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

پاکستان اوورسیز کمیونٹی گلوبل (POCG) کے وفد کا ڈائریکٹوریٹ جنرل ایگریکلچرل انفارمیشن پنجاب کا دورہ

لاہور: 29 مئی 2023 ( ) پاکستان اوورسیز کمیونٹی گلوبل (POCG) کے وفد نے ڈائریکٹوریٹ جنرل ایگریکلچرل انفارمیشن پنجاب، لاہور کا دورہ کیا۔اس موقع پر محمد رفیق اختر ڈائریکٹر جنرل ایگریکلچرل انفارمیشن پنجاب نے صوبہ پنجاب میں سرمایہ کاری کے مواقع سے متعلق اراکین کو بریف کیا۔انھوں نے کہا کہ زراعت کے شعبے کو ملکی معیشت میں کلیدی اہمیت حاصل ہے۔زرعی شعبے میں سرمایہ کاری سے نہ صرف کاشتکاروں کو پیداواری مداخل معقول نرخ پر دستیاب ہوں گے بلکہ اس سے ملکی معیشت کو بھی استحکام حاصل ہوگا۔انھوں نے وفد کے اراکین کو صوبہ پنجاب میں زراعت کے شعبے میں بیجوں کی صنعت، پیسٹی سائیڈز، فرٹیلائزر اور پھولوں وسبزیوں کی ویلیوایڈیشن کے وسیع مواقع سے متعلق بریف کیا اور اس ضمن میں ایک ویڈیو بھی اراکین کو دکھائی گئی۔اس موقع پر پی او سی جی لاہور کے صدر عدنان چوہدری نے کہا کہ زرعی شعبے میں سرمایہ کاری سے متعلق انفارمیشن اور ویڈیو کو دنیا میں 50 سے زیادہ ممالک میں پی او سی جی کے اراکین کے ذریعے پہنچایا جائے گا تاکہ سرمایہ کاروں کو آگاہی حاصل ہو اور وہ پاکستان میں زراعت کے شعبے میں سرمایہ کاری کے مواقع سے فائدہ اٹھائیں۔انھوں نے توقع ظاہر کی کہ اس کاوش سے اوورسیز پاکستانی بھی صوبہ پنجاب میں زرعی ترقی اور کاشتکاروں کی خوشحالی میں اپنا کردار ادا کر سکیں گے۔انھوں نے مزید کہا کہ پی او سی جی کے غیر سیاسی پلیٹ فارم سے اوورسیز پاکستانیوں کو معیشت کے دیگر شعبوں میں بھی سرمایہ کاری کے مواقع سے متعلق آگاہی دی جائے گی۔

☆☆☆☆